سوال

میرے اور بیوی کے مابین اختلافات ہوگئے تو اس وقت بیوی حائضہ تھی میں نے اسے کہا : تم حیض کے بعد طہر میں اپنے آپ کو مطلقہ سمجھنا، اور حقیقت میں طہر کے بعد میری نیت طلاق دینا ہی تھی، لیکن طہر کے بعد میں نے نہ تو اسے طلاق دی اور نہ ہی اس کے قریب ہوا میں نے اپنے دل میں کہا : اگر میں نے اسے طلاق دی تھی تو اس سے رجوع کرلیا ہے، تو کیا اس طرح طلاق واقع ہوجاتی ہے یا نہیں ؟

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کے لیے، اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعد ازاں :

جب آپ کی نیت تھی کہ طہر کے بعد اسے طلاق دوگے اور آپ نے طلاق نہیں دی تو ان الفاظ کے ساتھ طلاق واقع نہیں ہوئی

ہم نے یہی سوال شیخ ڈاکٹر خالد المشیقح حفظہ اللہ کے سامنے پیش کیا تو ان کا جواب تھا :

" الحمد اللہ : اس طرح سے طلاق واقع نہیں ہوتی؛ کیونکہ خاوند کا مقصد تو آئندہ مستقبل میں طلاق دینے کا تھا لیکن اس نے طلاق دی نہیں " انتہی

واللہ اعلم .

الاسلام سوال وجواب

96604